12

اَمۡسَیۡنَا وَاَمۡسَی الۡمُلۡکُ لِلّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ
لَا شَرِیۡکَ لَہٗ. لَہُ الۡمُلۡکُ وَلَہُ الۡحَمۡدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ
قَدِیۡرٌ، رَبِّ اَسۡئَلُکَ خَیۡرَ مَا فِیۡ ھٰذِہِ اللَّیۡلَةِ وَخَیۡرَ مَا بَعۡدَھَا
وَاَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ شَرِّ مَا فِیۡ ھٰذِہِ اللَّیۡلَةِ وشَرِّ مَا بَعۡدَھَا رَبِّ
اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡکَسَلِ وَسُوۡٓءِ الۡکِبَرِ رَبِّ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ عَذَابٍ
فِی النَّارِ وَعَذَابٍ فِی الۡقَبۡرِ

ہم نے شام کی اور اللہ کے ملک نے شام کی اور تمام تعریف اللہ کیلئے ہے۔ نہیں کوئی معبود مگر اللہ، وہ اکیلا ہے، نہیں کوئی شریک اُسکا، اُسی کی بادشاہی ہے، اور اُسی کے لئے سب تعریفیں ہیں، اور وہ ہر شے پر پوری طرح قدرت رکھتا ہے۔ اَے میرے رَب! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اِس رات میں جو خیر ہے اور جو اِسکے بعد ہے۔ اور تیری پناہ میں آتا ہوں اِس رات کے شر سے اور جو شر اِسکے بعد ہے۔ اَے میرے رَب! تیری پناہ میں آتا ہوں سُستی اور بُڑھاپے کی بُرائی سے۔ اَے میرے رَب! تیری پناہ میں آتا ہوں آگ کے عذاب اور قبر کے عذاب سے۔

[مُسلم:6908]

13

یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ بِرَحۡمَتِکَ اَسۡتَغِیۡثُ اَصۡلِحۡ لِیۡ شَأۡنِیۡ کُلَّہٗ وَلَا
تَکِلۡنِیۡ اِلٰی نَفۡسِیۡ طَرۡفَةَ عَیۡنٍ

اَے خود سے زندہ، ہر چیز کو قائم رکھنے والے میں تیری رحمت کے ساتھ تجھ سے مدد مانگتا ہوں۔ درست فرما دے میرے تمام کام میرے لئے اور مجھے پلک جھپکنے کے برابر بھی میرے نفس کے حوالے نہ کرنا۔

[المُستدرک لِلحاکِم:2000]

1 مرتبہ شام